
Turn Your Retail Packa
Consumer Acqu
NeuroTags

Increase Your Rep
Sales
NeuroTags Learn

اردو ٹائمز
The Urdu Times Daily
ممبئی صفحہ
17-11-2021 | 08

صبح صادق ۵ بج کر ۲۵ منٹ
طلوع آفتاب ۶ بج کر ۴۹ منٹ
زوال آفتاب ۱۲ بج کر ۲۳ منٹ
غروب آفتاب ۶ بج کر ۰ منٹ

گلدستۂ حدیث

عجوہ کھجور

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''عجوہ جنت کی کھجور ہے اور اس میں زہر کی شفاء ہے۔'' (ترمذی) حضرت سعدؓ کہتے ہیں میں نے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا جو شخص صبح کے وقت (کوئی اور چیز کھانے سے پہلے) سات عجوہ کھجوریں کھائے گا اس کو اس دن کوئی زہر اور جادو نقصان نہیں پہنچائے گا۔ (بخاری)

صرافہ بازار

سونا/چاندی	قیمت
سونا تولہ (۲۴ کیرٹ)	48,315.00
سونا تولہ (۲۲ کیرٹ)	45,680.00
چاندی کلو	60,700.00

زر مبادلہ

کرنسی	گزشتہ کل کا بھاؤ
امریکی ڈالر	74.88
سعودی ریال	19.97
یو اے ای درہم	20.39
کویتی دینار	248.35

انجمن اسلام کا طالب علم پائلٹ ٹریننگ کیلئے منتخب

یتیم بچہ سبحان انصاری کے پورے گھر کو اسپائس جیٹ کے دہلی دفتر میں بلایا گیا، ۱۲ ویں پاس کے بعد ٹریننگ دینے کا وعدہ کیا

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) کہتے ہیں کہ محنت، ایمانداری اور بہت کچھ کرنے کا حوصلہ کبھی ختم نہیں ہوتا اور نہ ہی ناکام ہوتا ہے اگر حوصلہ ہو تو اس میں اللہ کی مدد بھی شامل حال ہو جاتی ہے یہ ایک زندہ مثال سبحان انصاری نامی ایک ۱۴ سالہ طالب علم کی ہے جو انجمن اسلام اسکول کے نویں جماعت کا طالب علم ہے۔ سبحان انصاری کے والد نہیں ہیں۔ والدہ اسکول بس میں ہیلپر تھیں کورونا کی وجہ سے لاک ڈاؤن لگنے سے اسکول بس بند ہو گئیں جس کی وجہ سے ماں بے روزگار ہو گئی گھر کا گذر بسر مشکل تھا تو یہ ۱۴ سالہ سبحان انصاری گھر کی کفالت کے لئے بھنڈی بازار علاقے میں چائے بیچنے لگا۔ اسکی اسٹوری جب سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی بھی متاثر ہوئے اور اس بچے کی فیس معاف کی نیز اسکی دو بہنیں جو تعلیم حاصل کر رہی تھیں انجمن نے ان دونوں کی بھی فیس ادا کرنے کا فیصلہ کیا اسی طرح انکی والدہ کو بھی کام دینے کا فیصلہ کیا تھا نیز یہ بھی فیصلہ کیا گیا تھا کہ سبحان انصاری کو آگے کی پڑھائی کے بعد صابو صدیق میں ہی کوئی ٹیکنیکل کورس کرائیں گے۔ جب یہ ساری باتیں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں تو اسپائس جیٹ والے متاثر ہوئے اور انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی سے رابطہ کیا۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی نے ساری حقیقت بیان کی تو اسپائس جیٹ کے ذمہ داروں نے ۱۲ نومبر کو سبحان انصاری کے پورے گھر والوں کو دہلی کے دفتر میں بلایا انکی عزت افزائی کی انہیں ایک سرٹیفکیٹ دیا اور

سبحان انصاری کو پائلٹ ڈریس دیتے ہوئے اجے سنگھ ساتھ میں سبحان کی والدہ اور بہنیں

وعدہ کیا کہ ۱۲ ویں کامیاب ہونے کے بعد سبحان انصاری کو اسپائس پائلٹ ٹریننگ کورس میں شامل کیا جائے گا اور پوری ٹریننگ مفت میں دیکر اسے پائلٹ بنایا جائے گا۔ اس تعلق سے انجمن اسلام کے صدر ڈاکٹر ظہیر قاضی سے جب نمائندہ نے بات کی تو انہوں نے بتایا کہ ہم پہلے سے ہی اس طالب علم پر نظر رکھے ہوئے ہیں ہم نے اسکی فیس معاف کی اسکی بہنوں کی فیس بھی انجمن دے رہا ہے اور اسپائس جیٹ والوں نے جب ہم سے رابطہ کیا تو ہم نے انکی بھرپور سفارش کی۔ ڈاکٹر ظہیر قاضی نے کہا کہ یہ انجمن کے لئے فخر کی بات ہے کہ ان کے ایک ذہین طالب علم کو ایسا ہونہار موقع فراہم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صرف یہی نہیں بلکہ ہم ایسے طالب علم کو تلاش کرتے رہتے ہیں جو غربت کی وجہ سے تعلیمی سلسلہ جاری رکھنے کے لئے مجبور ہو جاتے ہیں انہیں حوصلہ دینے کا کام انجمن اسلام کرتا ہے اور ایسے طالب علم کا تعلیمی سلسلہ جاری رکھنے کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔ ماضی میں صابو صدیق ٹیکنیکل کالج کے طلبہ کو ایسے ہی مواقع ملے اور وہ ترقی کئے ہیں۔ ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ہمارا طالب علم سبحان انصاری بھی اسپائس جیٹ کا کامیاب پائلٹ بنے تا کہ ہم فخر کر سکیں۔ اس ضمن میں اسپائس جیٹ کے ڈائرکٹر اور دیگر ذمہ داروں کی بھی ستائش کرنی چاہئے جو ایسے ذہین بچوں کو بلا کسی تفریق کے تلاش کر کے انہیں ترقی کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔

کرکٹر ہاردک پانڈیا سے ۵ کروڑ کی دو گھڑیاں برآمد

ممبئی ایئرپورٹ پر ضبط، پانڈیا نے کہا انکے پاس کاغذات ہیں گھڑی پانچ نہیں ڈیڑھ کروڑ کی ہے

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) یو اے ای میں آئی سی سی ٹی-20 عالمی کپ میں ہندوستان کی کارکردگی مایوس کن رہی اور ٹیم انڈیا وطن واپس لوٹ آئی ہے۔ اسی ضمن میں ٹیم کے ہرفن مولا کھلاڑی ہاردک پانڈیا ممبئی ایئرپورٹ پر پہنچے۔ ایئرپورٹ پہنچنے پر محکمہ کسٹم کے افسران نے ان کے پاس سے 5 کروڑ کی دو گھڑیاں برآمد کی ہیں۔ جب ہاردک پانڈیا سے ان گھڑیوں کے تعلق سے سوال کیا گیا تو وہ کوئی تسلی بخش جواب دینے سے قاصر رہے۔ پانڈیا کے پاس ان گھڑیوں کا کوئی بل بھی موجود نہیں تھا۔ لہذا کسٹم کی جانب سے گھڑیوں کو ضبط کر لیا گیا اور محکمہ کی جانچ شروع کر دی گئی۔ قبل ازیں، نومبر 2020 میں ہاردک کے بڑے بھائی کرونال پانڈیا کے پاس سے بھی مہنگی گھڑیاں برآمد ہوئی تھیں۔ انہیں اس وقت ڈائرکٹریٹ آف ریوینیو انٹیلی جنس (ڈی آر آئی) کے افسران نے روک لیا تھا۔ جس کے بعد اس معاملہ کو محکمہ کسٹم کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ جب ہاردک پانڈیا سے ان گھڑیوں کے تعلق سے سوال کیا گیا تو وہ کوئی تسلی بخش جواب دینے سے قاصر رہے۔ پانڈیا کے پاس ان گھڑیوں کا کوئی بل بھی موجود نہیں تھا۔ لہذا کسٹم کی جانب سے گھڑیوں کو ضبط کر لیا گیا اور جب ہاردک پانڈیا سے ان گھڑیوں کے تعلق سے سوال کیا گیا تو وہ کوئی تسلی بخش جواب دینے سے قاصر رہے۔ پانڈیا کے پاس ان گھڑیوں کا کوئی بل بھی موجود نہیں تھا۔ لہذا کسٹم کی جانب سے گھڑیوں کو ضبط کر لیا گیا اور محکمہ کی جانچ شروع کر دی گئی۔ قبل ازیں، نومبر 2020 میں ہاردک کے بڑے بھائی کرونال پانڈیا کے پاس سے بھی مہنگی گھڑیاں برآمد ہوئی تھیں۔ انہیں اس وقت ڈائرکٹریٹ آف ریوینیو انٹیلی جنس (ڈی آر آئی) کے افسران نے روک لیا تھا۔ جس کے بعد اس معاملہ کو محکمہ کسٹم کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں ہاردک پانڈیا نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وہ گھڑیوں کی کسٹم ڈیوٹی بھرنے کو تیار ہیں۔ گھڑی کی قیمت پانچ کروڑ نہیں بلکہ ڈیڑھ کروڑ ہے مگر کسٹم حکام اسکی صحیح قیمت لگانے سے ابھی تک قاصر ہیں۔

جنوبی ممبئی میں ہوا کا معیار دہلی سے بھی بدتر ہے

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے سب سے جنوبی مقام پر ہوا کا معیار پیر کو دہلی سے بھی بدتر ریکارڈ کیا گیا۔ پیر کے روز قلابہ کا AQI 345 تھا اور دہلی 331 پر تھا۔ ہوا کی آلودگی کے ماہرین نے کہا کہ ہوا کی کم رفتار، کم درجہ حرارت اور گاڑیوں کی آلودگی کے ساتھ زیادہ نمی نے بدھ کو قلابہ کے لیے ایک مہلک امتزاج ثابت کیا۔ ممبئی میں بھی دیگر مقامات پر ہوا کے معیار کی درجہ بندی بہت خراب تھی۔ جبکہ مجگاؤں میں یہ 325، بی کے سی 314 اور ملاڈ میں 306 تھی۔ جب کہ اندھیری میں 259 تھا۔ معیار کے زمرے میں تھا۔ ہوا کا انتہائی خراب معیار طویل نمائش پر سانس کی بیماری کا سبب بن سکتا ہے۔ حالانکہ ابھی تک اس تعلق سے سرکار کی جانب سے کوئی بیان نہیں آیا ہے لیکن جنوبی ممبئی والے فکرمند ہیں۔

امراوتی میں تشدد کے بعد ممبئی میں الرٹ

زون ۲، ۷ اور ۱۱ کے علاقے میں خاص نگرانی

ممبئی (اسلم شیخ) تریپورہ میں ہوئے تشدد کے خلاف 12 نومبر کو چند تنظیموں نے ممبئی سمیت مہاراشٹر بند کا اعلان کیا تھا۔ مگر اس بند کے دوران امراوتی، مالیگاؤں اور ناندیڑ میں فرقہ وارانہ فسادات ہو گئے۔ اس وجہ سے ریاست میں لا اینڈ آرڈر خراب ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا تھا۔ دریں اثنا مذکورہ بالا فرقہ وارانہ فسادات کی وجہ سے ممبئی پولیس نے امن و امان کے پیش نظر منظم تیاری کی ہے۔ شہر و مضافات میں ریپڈ ایکشن فورس کے جوان گشت کر رہے ہیں۔ جبکہ مقامی پولیس بھی حالات پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ ذرائع کے مطابق حساس اور انتہائی حساس علاقوں میں سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے پولیس نگرانی کر رہی ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق شہر کے چند علاقوں میں جیسے زون 2، 7 اور زون 11 کے علاقوں میں خاص نگرانی کی جا رہی ہے۔ مذکورہ بالا علاقوں میں خاص توجہ دینے کا حکم دیا گیا ہے۔ پولیس نے کومبنگ آپریشن بھی شروع کر دیا ہے اور جرائم پیشہ افراد اور تڑی پار ملزمین کو پولیس سرگرمی سے تلاش کر رہی ہے۔ پولیس جرائم پیشہ افراد سے ان کے ٹھکانوں کی تفصیلات حاصل کر رہی ہے۔ ذرائع خصوصی کے مطابق ناگپاڑہ، جوگیشوری، مالونی، شیواجی نگر، گوونڈی، ٹرامبے، ساکی ناکہ، کرلا اور پائدھونی جیسے علاقوں میں زائد فورس تعینات کی گئی ہے۔ دریں اثنا ممبئی پولیس کا دعویٰ ہے کہ سیکیورٹی کے انتظامات حسب معمول کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ممبئی سائبر سیل نے سوشل میڈیا پر گمراہ کن اور متنازعہ پوسٹ کے تعلق سے تفتیش شروع کر دی ہے۔

اس سال جلوس غوثیہ روایتی انداز میں نکلے گا: معین میاں

شرکائے جلوس ادب و احترام سے درود شریف پڑھتے ہوئے شامل ہوں

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) حضرت سید معین میاں صدر آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء نے جلوس غوثیہ کے تعلق سے بلال مسجد چھوٹا سوناپور ممبئی میں علمائے اہل سنت و ائمہ مساجد کی ایک میٹنگ بلائی گئی اس میٹنگ میں سینٹرل ریجن کے ایڈیشنل کمشنر گیانیشور چوہان کے ساتھ پولیس کے اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔ رضا اکیڈمی کے سربراہ الحاج محمد سعید نوری نے کہا کہ جلوس غوثیہ ہر سال نہایت اور پرامن طریقے سے نکالا جاتا ہے جس میں علماء و ائمہ آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء کے زیر اہتمام شریک ہوتے ہے۔ لہذا اس سال بھی جلوس نکالنے کی اجازت دی جائے۔ اس میٹنگ میں جناب ایڈیشنل کمشنر صاحب نے کہا آپ لوگوں کے جذبات کی ہم قدر کرتے ہے اعلیٰ حکام سے رائے مشورہ کر کے فیصلہ کر لیا جائے گا اس میٹنگ میں مولانا منصور علی خان، ابراہیم طائی، مولانا محمود عالم رشیدی، مولانا شاداب، مولانا خلیل الرحمن نوری، مولانا فرید الزماں اور دیگر علماء کرام نے شرکت کی۔ حضرت سید معین میاں نے فرمایا کہ عاشقان غوث اعظم تعلیمات غوث اعظم پر ضرور عمل کریں۔ اس موقع پر جتنا ہو سکے غریبوں، بیواؤں، یتیموں کو کھانا کھلائیں اور جتنا ہو سکے فلاحی (نیکی) کام کر کے سرکار غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں خراج عقیدت پیش کریں۔ دوران جلوس انتظامیہ اور پولیس سے تعاون کریں افراتفری اور بدنظمی پیدا نہ کریں درود شریف پڑھتے ہوئے جلوس میں شامل ہوں۔

معین میاں، ایڈیشنل کمشنر چوہان، مولانا منصور علی خان اور سعید نوری

ذاکر نائیک کے ادارہ اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن پر پابندی میں ۵ سال کی توسیع

ممبئی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر ذاکر نائیک کا ادارہ اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن پر مزید پانچ سال کے لئے پابندی لگائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ پہلی بار مرکزی حکومت نے 17 نومبر 2016 کو غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ 1967 (1967 کی 37) کے تحت غیر قانونی تنظیم قرار دیا تھا۔ اس سے قبل ہی ڈاکٹر ذاکر نائیک ملک چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ وہ ملیشیا میں ہی تھے کہ یہاں انکے خلاف کارروائی شروع ہوئی۔ ذاکر نائیک کو ملیشیا سرکار نے وہاں کی شہریت دے دی ہے۔

Azadi Ka Amrit Mahotsav
نریندر مودی، وزیراعظم

بھتہ خوری کیس دونوں پولیس ملزمان کو عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا